مویشی خدمات مراکز کی تعمیر کیلئے 223.86 لاکھ روپئے کی رقم منظور

لکھنؤ: ۱۴/ دسمبر ۲۰۲۱ء-

اتر پردیش حکومت نے ریاست میں مویشی طبّی خدمات اور مویشی صحت کی مستحکم کاری کیلئے 21 مویشی خدمات مراکز کی تعمیر کیلئے 10.66 لاکھ روپئے فی مرکز کی شرح سے 223.86 لاکھ روپئے کی رقم رواں مالیاتی سال میں منظور کی ہے۔ منظور رقم سے ضلع ایٹا کے پُنہیرا، نرورا، بھدواس، وسندھرا، ضلع متھرا میں چھوندا، اڈینگ ضلع بدایوں میں اُپریلا ضلع جونپور میں سنگرامئو، مڑھی، علی گڑھ میں میرگڑھی، ضلع کشی نگر میں جموآن، پٹھیروا، کنرپٹی، ضلع غازی پور میں نولی، راجاپور، امورا، غوص پور، بنگانواں، بیرپور، دیوکلیرا اور ضلع امبیڈکر نگر میں معین الدین پور اور اشرف پور میں مویشی خدمات مرکز کی تعمیر کی جائیگی۔

اس ضمن میں محکمۂ مویشی پروری کے ذریعہ سرکاری حکم نامہ جاری کر دیا گیا ہے۔ حکم نامہ میں کہا گیا ہے کہ متعلقہ اضلاع کے چیف ویٹرنری افسران کے ذریعہ منظور رقم کا نکاسی رخرچ منظور ایکشن پلان اور مدوں میں اسکیم کے واسطے مقررہ گائڈ لائن پر پوری طرح عمل آوری کو یقینی بناتے ہوئے کیا جائیگا۔

☆☆☆☆☆